نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

12 ِمئی 2011ء

برائے فوری اجراء

102/2011

ریکارڈ کی درستگی کے لئے: امریکی ویزا پالیسی

اسلام آباد(12 ِمئی 2011ء)___ بعض ذرائع ابلاغ نے امریکی سفیر کیمرون منٹر کے 10 ِمئی کو سندھ یونیورسٹی میں بیان کو غلط معنی پہنائے ہیں جن سے یہ تاثر ملتا ہے کہ بعض مخصوص ناموں کے حامل افراد امریکی ویزے کے لئے اہل نہیں ہوتے۔

یہ سراسر غلط ہے۔ یہ خاص طور پر اس لئے بھی درست نہیں ہے کہ سفیر نے مذہبی پس منظر کے حامل ناموں کے سیاق وسباق میں کوئی بات نہیں کی۔ جیسا کہ اُسی روز امریکی سفیر کے بھٹ شاہ مزار کے دورہ سے واضح ہوتا ہے کہ وہ اور امریکہ تمام مذہبی عقائد بشمول اسلام سے گہری عقیدت رکھتے ہیں۔

سندھ یونیورسٹی میں سفیر منٹر کی طالبعلموں سے بات چیت کے لئے درج ذیل لنک ملاحظہ کیجئے:

http://www.youtube.com/watch?v=t90gBKkp7-c

امریکہ حقیقی سیاحوں، کاروباری افراد اور طالب علموں کی مناسب ویزے کے حصول کے لئے حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ عوامی رابطوں سے امریکیوں اور پاکستانیوں کے مابین باہمی افہام وتفہیم کو فروغ ملتا ہے۔ ویزے کی تمام درخواستوں پر متعلقہ امریکی قواعد وضوابط کی روشنی میں ہر ممکن سرعت اور منصفانہ طریقے سے فیصلے کئے جاتے ہیں۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں معلومات کیلئے ہماری ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔

http://islamabad.usembassy.gov